آپ کا کورس ورک (تدریسی کام)

آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

ایس کیو اے (SQA) کےزیادہ تر کورسز میں کورس کے شروع ہوتے ہی آپ کورس ورک کے لئے تیاری کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس میں آپ کی مدد کے لئے یہاں پر چند اصول درج کئے گئے ہیں جن کا آپ کو علم ہونا چاہیئے اس سے قبل کہ آپ وہ مواد تیار کریں جس پر درجات لگائے جائیں گے۔

یہ اصول اہم ہیں لہٰذا براہ مہربانی اس کتابچے کے پڑھنے اور سمجھنے کو یقینی بنائیں چاہے آپ کا کورس ورک کچھ عرصے تک حوالے نہیں ہو گا یا آپ نے پچھلے سالوں میں کورس ورک جمع کروا دیا ہے۔

اس کتابچے میں دی گئی معلومات صرف ایس کیو اے (SQA) کو درجات لگانے کے لئے جمع کروائے جانے والے کورس ورک سے ہی نہیں بلکہ سارے کورس ورک سے تعلق رکھتی ہیں۔ آپ کے استاد یا لیکچرار آپ کو یہ بتانے کے قابل ہوں گے کہ اگر آپ ان اصولوں پر عمل نہیں کرتے تو کِن سزاؤں یا تادیبی کاروائیوں کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔

اگر آپ کسی چیز کے بارے میں واضح نہیں ہیں یا مزید کچھ جاننا چاہتے ہیں تو اپنے استاد یا لیکچرار سے بات کریں۔

ہدایات

آپ کا کورس ورک آپ کے کورس کی مطابقت سے، مثال کے طور پر، پراجیکٹ، پورٹ فولیو یا تفویض کردہ کام (اسائنمنٹ) کی صورت میں ہوسکتا ہے۔ آپ کے کام کی نوعیت جو بھی ہو یہ آپ کے لئےموقع ہے کہ آپ یہ ثابت کریں کہ اپنے مضمون کے متعلق جانتے ہیں اور وہ نمبر حاصل کریں جو آپ کے حتمی گریڈ میں خاطرخواہ فرق پیدا کرسکتے ہیں۔

آپ اپنے کورس ورک کے لئے بہت سے مختلف ذرائع سے مواد حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں؛ مثلاً کتابیں، ٹی وی، ریڈیو اور انٹرنیٹ۔ ان ذرائع سے حاصل شدہ معلومات آپ کےکورس ورک کی تیاری میں خام مواد ہیں اور ان کو استعمال کرنا سیکھنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔

بہرحال، آپ دوسرے ذرائع سے نقل کر کے کوئی چیز اس طرح شامل نہیں کر سکتے جیسے یہ آپ کا اپنا کام ہو (اس کو 'پاسنگ آف' passing off کہا جاتا ہے)۔ یہ ناگزیر ہے کہ آپ واضح طور پر ظاہر کریں کہ کونسا کام آپ نے کیا ہے اور کونسا کام کسی اور ذریعے سے حوالہ دے کر لکھا گیا ہے۔

آپ کے کرنے والے کورس ورک کے ہر حصے کی ضروریات مختلف ہوں گی۔ آپ کے استاد یا لیکچرار آپ کو یہ بتانے کے قابل ہوں گے کہ آپ کے کرنے والے کورس ورک کے ہر حصے کی مخصوص ضروریات کیا ہیں۔

کورس ورک کی کچھ قسموں کی جانچ پابندی کے حالات میں کی جاتی ہے اور اس میں آپ کو ریسورس شیٹ (ذرائع کی فہرست) استعمال کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ ریسورس شیٹ کو بعض اوقات تحقیقی ثبوت یا استعمال میں لائی گئی معلومات بھی کہا جاتا ہے۔ آپ کو لازمی طور پر ان کے استعمال اور جمع کروانے کے قواعد سے واقفیت حاصل کرنی چاہیئے۔ ان قواعد پر عمل کرنے میں ناکامی کا مطلب نمبر ظائع کرنا ہو سکتا ہے اور، کچھ مضامین میں، کورس ورک کی جانچ میں آپ کو نمبر نہیں دیئے جائیں گے۔ اپنے استاد یا لیکچرار سے بات کر کے دریافت کریں کہ ریسورس شیٹس کے استعمال اور جمع کروانے کے بارے میں آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے۔

کورس کی جانچ میں کورس ورک کو بطور حصہ شامل کرنے والے تمام نیشنل 5، ہائیر اور ایڈوانسڈ ہائیر کورسوں کی جنرل اسسمنٹ (عام جانچ) کی معلومات دستیاب ہیں۔ یہ معلومات آپ کے کرنے والے کورس ورک کے کاموں کا سرسری جائزہ مہیا کرتی ہیں اور نقشہ کھینچتی ہیں کہ آپ سے کیا مطوب ہے۔ اس میں یہ معلومات شامل ہیں کہ کام کیسے کیا جائے گا، کونسا کام جمع کروایا جائے گا، اس پر درجے کون لگائے گا، اور درجے لگانے کے لئے کیا عام ہدایات استعمال کی جائیں گی۔

یہ معلومات ہماری ویب سائٹ پر مضمون کے صفحوں میں coursework information "کورس ورک انفارمیشن" کے تحت دستیاب ہیں۔ مضمون کے صفحے آپ **www.sqa.org.uk/nq** پر دیکھ سکتے ہیں۔

درج ذیل اصول آپ کی مدد کے لئے مہیا کئے گئے ہیں:

1. حتمی تاریخ — اپنے کام کو مقررہ تاریخ تک جمع کروا دیں

آپ کا استاد یا لیکچرار (جہاں ممکن ہو) مسودے/ ڈرافٹ یا حتمی کام کےجمع کروانے کی تاریخ مقرر کرے گا اور اس کو پورا کرنے کی ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے۔ اس کو کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے کام کو آخری دن تک جمع کروانے کا انتظار نہ کریں۔

اپنے کورس ورک کی نوعیت کے مطابق جوں جوں آپ اپنے کام کا کچھ حصہ کرتے جائیں اسے اپنے استاد یا لیکچرارکو دکھاتے جائیں تاکہ جیسے ہی کوئی مشکل درپیش ہو تو اسے حل کرنے میں وہ آپ کی مدد کرسکیں تا کہ آپ وقت پر سب کچھ تیار کر سکیں۔ اپنے استاد یا لیکچرار سے دریافت کریں کہ وہ آپ کو کس قسم کی مدد فراہم کرسکتے ہیں۔

اگر آپ کو مقررہ تاریخ تک کام مکمل کرنے میں دشواری پیش آرہی ہو تو گھبرائیں نہیں۔ اپنے استاد یا لیکچرار سے بات کر کے معلوم کریں کہ آپ کی مدد کے لئے کیا کِیا جا سکتا ہے۔

2. الفاظ کی تعداد — طے شدہ تعداد سے زیادہ الفاظ استعمال نہ کریں

اگر آپ کا کورس ورک الفاظ کی زیادہ سے زیادہ تعداد مقرر کرتا ہے تو ہمیشہ اور لازماً اس کی پابندی کریں۔

3. ذرائع — سبھی کا اعتراف کریں

آپ **لازمی طور پر** کتابوں ، ٹیلیویژن اور انٹرنیٹ جیسے ذرائع سے حاصل کردہ کسی بھی مواد کا اعتراف کریں۔ ایسا کس طرح سے کیا جائے، اس بارے میں آپ کا استاد یا لیکچرار آپ کو صحیح مشورہ دے سکتاہے، مگرچند نقاط درج ذیل ہیں:

- کسی اور ذرائع سے حاصل کردہ عبارت کے گرد ”علامتِ اقتباس“ (واوین) لگائیں اور متعلقہ ذرائع کی واضح نشاندہی کریں۔
- غور کریں کہ آپ نے کیا کوئی اشکال یا خاکے استعمال کئے ہیں — ان کے ذرائع کے حوالہ جات دینا بھی ضروری ہے۔
- اگر ضرورت ہو تو کتابی ذرائع اور حوالہ جات کی فہرست تیارکریں — یہ آپ کے کام کے آخر میں درج کی جاتی ہے۔

4. چربہ سازی — دوسروں کے کام کو اپنے کام کے طور پر پیش نہ کریں

دوسرے لوگوں کے کام اور خیالات کو اپنے کام کے طور پر پیش کرنا **چربہ سازی** کہلاتی ہے، اور یہ دھوکا دہی ہے۔ اگر آپ اپنے کورس ورک میں ذرائع کا اعتراف نہیں کرتے تو یہ بھی چربہ سازی تصور ہوتی ہے۔

یہ آپ کا اپنا کام نہیں اگر:

- اسےمکمل یا جزوی طور پر کسی اور نے تیار کیا ہو
- اسے کسی دوسرے امیدوار، بھائی، بہن، دوست یا کسی اور نے ماضی میں ایسے کورس ورک کے لئے تیار کیا ہو
- اسے آپ کے استاد یا لیکچرار نے نمونے کے طور پرتیار کیا ہو
- اسے آپ نے کسی کتاب، انٹرنیٹ یا مقالات کے ذخیرے سے نقل کیا ہو

نمبر لگانے والے حضرات چربہ سازی کو باآسانی بھانپ سکتے ہیں۔

5. اسے خود تیار کریں — ماسوائے اس کے کہ یہ گروپ ورک ہو

ملی بھگت سے مراد خود تنہا کام کرنے کی پابندی کے وقت دوسروں سے مل کر کام کرنا ہے۔ اس کا اطلاق کسی کی مدد کرنے، کسی سے مدد لینے، اور پاس ورڈ، فائلوں اور کاغذات کا تبادلہ کرنے پرہوتا ہے۔

ملی بھگت میں شریک ہر شخص اصولوں کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے — نہ کہ صرف وہ جس نے مدد کے لئے کہا ہو۔ اگر کوئی اور امیدوار آپ سے مدد کے لئے کہے تو آپ اسے استاد یا لیکچرار سے بات کرنے کا مشورہ دیں۔

اگر آپ ایک گروپ کے طور پر (مثلاً کسی گروپ پراجیکٹ میں) کام کر رہے ہیں تو لازمی تسلی کرلیں کہ جو تحریری کام آپ جمع کراتے ہیں وہ آپ کا اپنا کام ہے۔

اگر آپ کو کورس ورک میں دشواری لاحق ہے تو مفید ترین مشورہ براہ راست اساتذہ یا لیکچرار حضرات سے ہی مل سکتا ہے۔

6. زبان — جارحانہ الفاظ یا تصاویر کا استعمال نہ کریں

کورس ورک جمع کرانے والے ہرشخص سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ دوسرے امیدواروں، استادوں، لیکچراروں، نمبرلگانے والوں اور ایس کیو اے (SQA) کی عزت کرے۔ اپنے کام میں گستاخانہ، توہین آمیز، جارحانہ یا امتیاز کرنے والی زبان یا تصاویر شامل نہ کریں۔ یہ بات قابل قبول نہیں کہ مارکرز (نمبرلگانے والوں) کو ان پرغور کرنا پڑے۔

یاد رکھیں کہ مارکرز (نمبرلگانے والے) ہمیشہ یہ یقینی بناتے ہیں کہ جمع کروائے گئے جارحانہ مواد کی تحقیقات کی جائے۔

7. پڑتال اور پھر پڑتال — جمع کروانے سے قبل اپنے کام کی جانچ پڑتال کرلیں

اپنا کورس ورک جمع کروانے سے قبل یہ جانچ پڑتال کرلیں کہ:

- سبھی کام آپ کا اپنا ہے، اور ذرائع کا مناسب انداز میں اعتراف کیا گیا ہے
- پچھلے سالوں کا کوئی کام جو آپ جمع کروا رہے ہیں، وہ بھی ان اصولوں کے مطابق ہے
- اس میں کوئی جارحانہ زبان یا تصاویر شامل نہیں
- آپ نے کورس ورک اپنے استاد یا لیکچرار کی ہدایات اور SQA کے مطلوبات کے مطابق مکمل کیا ہے۔

خطرہ مول نہ لیں — چربہ سازی اورملی بھگت کا کھوج لگانا مشکل نہیں

- استاد یا لیکچرار حضرات باقاعدگی سے مسودات پڑھتے رہتے ہیں اوروہ تحریر کے اندازاور زبان کے استعمال میں تبدیلیاں بھانپ سکتے ہیں۔
- نمبر لگانے والے حضرات کو اپنے مضمون پرعبور حاصل ہوتا ہے لہذا بہت سے ذرائع سے وہ بخوبی واقف ہوتے ہیں ۔
- ایس کیو اے (SQA) ایسا کمپیوٹرسافٹ ویئر استعمال کرتی ہے جو چربہ سازی اور ملی بھگت کی شناخت کرسکتا ہے۔ یہ سافٹ ویئر نقل شدہ جملوں اورعبارت کا اُن کے اصلی ذرائع سے موازنہ کرتا ہے جہاں سے وہ لیے گئے ہوتے ہیں۔

پینلٹی (تعزیر) — اگر آپ اصولوں کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوں تو؟

ایس کیو اے (SQA) کے اصولوں کی خلاف ورزی کا انجام تشویشناک ہوسکتا ہے۔ اگر تحقیقات سے ثابت ہو جائے کہ آپ نے اصولوں کی خلاف ورزی کی ہے تو پینلٹی کے درجے کا انحصار معاملے کی سنجیدگی پر ہوگا۔ ایس کیو اے (SQA) فیصلہ کرے گی کہ کونسی پینلٹی موزوں ہے۔ خلاف ورزی کی نوعیت کے مطابق تعزیرات کے سلسلے میں درج ذیل شامل ہیں:

- آپ کے نمبر کم کئے جاسکتے ہیں — یا آپ کو صفر نمبر دئیے جا سکتے ہیں۔
- متعلقہ مضمون میں آپ کی تعلیمی اہلیت کو منسوخ کیا جاسکتا ہے۔
- آپ کی سال بھر کی سبھی تعلیمی اہلیتوں کو منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

اصولوں پر کاربند رہیں اور ہمہ وقت درست عمل کریں۔

اقرارنامہ ــــ اسے پڑھیں اور سمجھیں

آپ کا سکول یا کالج آپ کے کورس ورک پرنمبر لگانے کے لئے اسے ایس کیو اے (SQA) کو بھیجنے سے قبل آپ کو ایک اقرارنامہ فراہم کرے گا جس پر آپ کو دستخط کرنا ہوں گے۔ یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ اس اقرارنامے کی عبارت کو اچھی طرح سے سمجھ لیں، لہٰذا اب اسے غور سے پڑھ لیں:

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ:

- میں نے ایس کیو اے (SQA) کا *آپ کا کورس ورک* (*Your Coursework*) کتابچہ پڑھ لیا ہے اور میں اس کے مندرجات کو سمجھتا/سمجھتی ہوں
- میں جانتا/جانتی ہوں کہ *آپ کا کورس ورک* کتابچے میں درج اصولوں پرعمل نہ کرنے پر ایس کیو اے (SQA) امیدوار کے ایوارڈز پر پینلٹیاں (سزائیں) لگا سکتی ہے
- اس اقرارنامے کے ساتھ بھیجا گیا تمام کورس ورک میرا ذاتی ہے اور معلومات کے سبھی ذرائع کی واضح طور پر نشاندہی کی گئی ہے اور اُن کا اعتراف کیا گیا ہے
- میں جانتا/جانتی ہوں کہ یہ کورس ورک نمبر لگانے کے لئے ایس کیو اے (SQA) کو بھیجا جائے گا

یاد رکھیں:

- آپ کے کام پر نمبرلگانے کے لئے اسے ایس کیو اے (SQA) کو بھیجے جانے سے قبل آپ کو اس اقرارنامے پردستخط کرنا ہوں گے۔
- دستخط کرنے سے قبل یہ تسلی کرلیں کہ اس اقرارنامے کو آپ نےسمجھ لیا ہے۔ اگر آپ کو کسی بات کی سمجھ نہیں آئی تو اپنے استاد یا لیکچرار سے مدد کے لئے کہیں۔

اور آخر میں ---

یادرکھیں کہ ہرکوئی آپ کے لئے بہترکارکردگی کا خواہاں ہے۔ اپنے موضوعات پرتحقیق کرنے کے دوران دوسروں سے اپنے کام کے متعلق بات چیت کرنا اور ان کے تجربات سے فائدہ حاصل کرنا یقیناً مفید ہوسکتا ہے — بس یہ تسلی کرلیں کہ نمبر لگانے کے لئے جو کام آپ بھیجیں وہ آپ کا اپنا ہو۔

پس اپنے کورسز سے استفادہ حاصل کریں اور اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے استاد یا لیکچرار سے مشورہ طلب کریں۔ وہ آپ کی مدد کے لئے حاضرہیں۔

کسٹمر کانٹیکٹ سنٹر
ٹیلیفون: 0345 279 1000 ویب سائٹ: www.sqa.org.uk
BA7240 اگست 2016